**Series : GBM/C**

**SET-4**

**Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

**Roll No.** | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر : 100

*Maximum marks : 100*

1. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

آدمیوں نے مچھروں کے خلاف اَیجٹیشن کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی...... طاعون نے گڑبڑ مچائی تو انسان نے کہا کہ طاعون مچھر اور پسّو کے ذریعے سے پھیلتا ہے۔ ان کو فنا کر دیا جائے تو یہ ہولناک وبا دور ہو جائے گی۔ ملیریا پھیلا تو اس کا الزام بھی مچھروں پر عائد ہوا...... انسان کہتا ہے کہ مچھر بڑا کم ذات ہے کوڑے کرکٹ، میل کُچیل سے پیدا ہوتا اور گندی موریوں میں زندگی بسر کرتا ہے اور بُزدِلی تو دیکھو اس وقت حملہ کرتا ہے جب ہم سو جاتے ہیں۔ سوتے پر وار کرنا، بے خبر کے چرکے لگانا مردانگی نہیں ہے۔ صورت تو دیکھو کالا بھُتنا، لمبے لمبے پاؤں، بے ڈول چہرہ

اس شان و شوکت کا وجود اور آدمی جیسے گورے چٹے خوش وضع کی دُشمنی، بے عقلی اور جہالت اسی کو کہتے ہیں۔ مچھر کی سنو تو وہ آدمی کو کھری کھری سُناتا ہے اور کہتا ہے کہ جناب ہمت ہے تو مقابلہ کیجیے، ذات، صفات نہ دیکھیے، میں کالا سہی، بدرونق سہی مگر یہ تو کہیے کہ کس دلیری سے آپ کا مقابلہ کرتا ہوں اور کیوں کر آپ کا ناک میں دم کرتا ہوں۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) آدمی نے مچھر کو کونسی بیماریوں کے لیے ذمہ دار ٹھہرایا ؟

(iii) انسان مچھر کے بارے میں کیا کیا کہتا ہے ؟

(iv) آدمی مچھر اور آدمی کا کیا حُلیہ بیان کرتا ہے ؟

(v) مچھر آدمی کے بارے میں کیا کیا کہتا ہے ؟

**یا**

اس میں کوئی شک نہیں کہ ڈاکٹر صاحب سچائی کو اس شدّتِ احساس کے ساتھ پیش کرتے ہیں اور اس پر اس سختی سے کاربند ہوتے ہیں کہ اکثر اوقات ہمدرد بھی مخالف ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس کی انھیں کوئی پرواہ نہیں۔ وہ ادیبوں کے مہاتما گاندھی ہیں لیکن ذرا عدمِ تشدد کے قائل نہیں۔ اور اگر کبھی ہندوستان میں ایسا قانون نافذ ہوا کہ ادیبوں کو ان کی فکری، ذہنی یا خارجی غلطیوں کی سزا ملے گی تو اس احتساب کا محکمہ ڈاکٹر صاحب کے ہی سپرد ہوگا ان کی صاف گوئی سے بہت سے لوگ ان سے گھبراتے ہیں۔ لیکن اس میں ان کی عظمت ہے اور اگر اس صنف میں کوئی ان سے ٹکّر لے سکتا ہے تو وہ حسرت موہانی ہیں۔ جب ترقی پسند ادیبوں کی طرف سے عریانی کے خلاف قرارداد پیش کی گئی تو اس کی مخالفت کرنے والے حسرت موہانی تھے اور قاضی عبدالغفار - مولانا حسرت موہانی کی پُرزور تقریر سے قرارداد مسترد کر دی گئی۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) ڈاکٹر صاحب سچائی کو کس طرح پیش کرتے تھے ؟

(iii) لوگ ان سے کیوں گھبراتے تھے ؟

(iv) عریانی کی تحریک کی قرارداد کس وجہ سے مسترد کر دی گئی ؟

(v) ''وہ ادیبوں کے مہاتما گاندھی ہیں'' اس جملے کی وضاحت کیجیے۔

.2 درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) افسانہ ''میں، وہ'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(ii) خودنوشت یا آپ بیتی کی تعریف بیان کیجیے۔

.3 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) افسانہ ''سکون کی نیند'' میں مصنف کیا بتانا چاہتا ہے ؟

(ii) احمد جمال پاشا نے کلیم الدین احمد کی تنقیدی اہمیت کے بارے میں کیا لکھا ہے ؟

(iii) ڈاکٹر خالص نے جدید شاعری کی کیا خصوصیات بتائی ہیں ؟

(iv) علامہ اقبال نے سجاد ظہیر کی باتوں کا کیا جواب دیا ؟

.4 درج ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

(i) عجب نظارا تھا بستی کا اس کنارے پر
سبھی بچھڑ گئے دریا سے پار اترتے ہوئے

(ii) ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا
چند لفظوں میں کوئی آگ چُھپا دی جائے

(iii) آنکھوں میں چُھپائے پھر رہا ہوں
یادوں کے بُجھے ہوئے سویرے

(iv) ہوگا افسردہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہوگی

(v) دلکش ہر ایک قطعۂ صحرا ہے راہ میں
ملتے ہیں جاکے دیکھیے کب کارواں سے ہم

(i) دریا سے پار اترنے پر بستی کا کیا نظارا تھا ؟

(ii) شاعر کے نزدیک غزل کا فن کیا ہے ؟

(iii) شاعر آنکھوں میں کیا چھپائے پھر رہا ہے ؟

(iv) 'غنچہ و گل میں بادِ سحر' ہونے کا کیا مطلب ہے ؟

(v) شاعر کو کارواں سے ملنے میں دیر کیوں ہو رہی ہے ؟

**یا**

جذبات رفتہ رفتہ افکار بن رہے ہیں - افکار کا نتیجہ کردار بن رہا ہے
ہمدردیوں کی شدت انصاف بن رہی ہے - پروردگی کا جذبہ ایثار بن رہا ہے
لغزش سے تجربہ ہے اور تجربے سے حکمت - تحقیق ہو رہی ہے معیار بن رہا ہے
گمراہیوں سے ہوکر ہے راستہ ہمارا
تاریخ بن رہا ہے نقشِ پا ہمارا

(i) افکار اور کردار کس طرح بن رہے ہیں ؟

(ii) ہمدردی کرنے کا کیا نتیجہ سامنے آ رہا ہے ؟

(iii) ''گمراہیوں سے ہوکر ہے راستہ ہمارا'' شاعر کس سے کہہ رہا ہے ؟

(iv) ہر نقشِ پا کیا بن رہا ہے ؟

(v) تجربے اور حکمت کا تعلق شاعر نے کس سے بتایا ہے ؟

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) اقبال کی نظم ''روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ii) آرزو لکھنوی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

6. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کے ذریعے شاعر کیا پیغام دے رہا ہے؟

(ii) ''ملکِ بے سحر و شام'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(iii) ''وقت کا ترانہ'' میں علی سردار جعفری نے کیا بتانے کی کوشش کی ہے؟

(iv) ''زندگی ہے تو بہرحال بسر بھی ہوگی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

7. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **4**

(i) ناول ''بیوہ'' کے ذریعے منشی پریم چند نے کیا پیغام دیا ہے؟

(ii) ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کے اہم کرداروں پر تبصرہ کیجیے۔

8. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **6**

(i) دفعتاً چھینک آنے پر چرویا کوف کا ردِّ عمل کیا تھا؟

(ii) افسانے کا نام ''جنم دن'' کیوں رکھا گیا ہے؟

(iii) پطرس کے مضمون میں مرحوم کسے کہا گیا ہے اور سائیکل کا تعارف مصنف نے کس طرح پیش کیا ہے؟

(iv) جلتی جھاڑی میں جزیرے کے کنارے غروب آفتاب کا کیا منظر تھا؟

9. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے : 20

(i) ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

(ii) کنھیالال کپور کی طنز و مزاح نگاری کی خصوصیات لکھیے ۔

(iii) دبستانِ دہلی کی امتیازی خوبیاں تحریر کیجیے۔

(iv) اردو زبان کی ابتدا پر نوٹ لکھیے ۔

10. درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے : 15

(i) خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری کی کیا خوبیاں ہیں ؟

(ii) فورٹ ولیم کالج کہاں اور کیوں قائم کیا گیا ؟ اس کے کیا فائدے ہوئے ؟

(iii) دبستان لکھنؤ کی اہم خصوصیات لکھیے ۔

(iv) سرسید تحریک کی ادبی خدمات لکھیے.

11. درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : 5

(i) نظم ''گورغریباں'' کے شاعر کا نام ہے

(A) اقبال

(B) نظم طباطبائی

(C) جمیل مظہری

(ii) سفرنامہ نگار رام لعل 1947ء کے بعد کہاں آ گئے ؟

(A) افغانستان

(B) ہندوستان

(C) پاکستان

(iii) 'پودے' کے مصنف کا کیا نام ہے ؟

(A) کرشن چندر

(B) کنھیالال کپور

(C) رام لعل

(iv) افسانہ 'لمحے' کا مصنف کون ہے ؟

(A) پریم چند

(B) کرشن چندر

(C) بلونت سنگھ

(v) مشہور مزاح نگار ان میں سے کون ہے ؟

(A) چے خف

(B) احتشام حسین

(C) کنھیالال کپور